سوال

(172) کیا جمعہ کے دن کا غسل، فرضی غسل کی طرح کریں گے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

غسل جنابت فرض ہے توکیا جمعہ کے دن کا غسل فرضی غسل کی طرح کرنا سنت ہے یا کہ صرف نہا لینا کافی ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

غسلِ جنابت مخصوص صفت کے ساتھ ہونا چاہیے۔ جس طرح کہ حضرت عائشہ اور میمونہ رضی اللہ عنہا کی روایات میں ''صحیح بخاری'' وغیرہ میں ذکر ہے، اور اگر کسی وقت عام غسل کی طرح اس غسل کو کر لیا جائے تو فرض پھر بھی ادا ہو جائے گا۔ (فتح الباری: 390/1) اور بلاجنابتِ غسل عام غسل کی طرح کافی ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الطہارۃ: صفحہ: 176

محدث فتویٰ